© rasailojaraid.com

دیکھا کہ جو اس کے نظریات کی صحت کی کامل تردید کو کافی ہے۔

بہرحال یہ حقیقت خوش آئند ہے کہ روحوں میں سب سے زیادہ گہرائی تک جڑیں اتارنے والا شجرۂ طیبہ صرف اسلام کا ہے۔ اتنی لمبی تاریخ ظلم کے گزرنے، زبانوں اور رسم الخط کو بدل دینے، مختلف نسلوں کو دور دراز کے علاقوں میں بکھیر دینے اور اسلام کے نہایت ہی اہم وظائف و ظواہر کو کلیتاً مٹا دینے کے بعد روسی مسلمانوں کے دلوں کی گہرائیوں میں اب بھی چنگاریاں سلگ رہی ہیں جن کی آگ اگر پھیلی تو نہ صرف روس کو بھسم کر دے گی، بلکہ پوری دنیا کا نقشہ ایک بار بدل جائے گا۔

اس کتاب میں اہم شخصیتوں، تاریخی عمارتوں، شاعروں اور ادیبوں، رزمیہ داستانوں بعض سفرناموں، دینی علماء کے گراں بہا کارناموں اور دیگر علوم و فنون کے ماہرین کا بھی تذکرہ ہے اور بہت مفید۔

---

**اردو ڈائجسٹ سالنامہ اور رحمۃ للعالمین نمبر**

مدیر جناب الطاف حسن قریشی۔ دفتر: ۲۱ ایکڑ اسکیم سمن آباد لاہور ۲۵۔ ضخامت: تقریباً چار سو صفحات۔ قیمت: ۱۸/ روپے

مادیت کے سیلاب بلا کا یہ عہد جس کی وجہ سے سر جھکے جا رہے ہیں، ضمیر پس رہے ہیں، روایات پامال ہو رہی ہیں اور ہماری عزیز قدروں کے چراغ گل ہو رہے ہیں۔ اس میں ہمارے لیے اگر کوئی کشتی نوح ہو سکتی ہے تو وہ نبی اکرم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت ہے۔ طاغوتی قوتوں کے خلاف لڑائی لڑنے کے لیے سیرت پاک ہمیں بہترین اصولی و اخلاقی اسلحہ خانہ مہیا کرتی ہے۔ اسی سلسلے میں رمضان کے ماہ سعید کے قرب میں اردو ڈائجسٹ نے عام سالنامے کے بجائے رحمۃ للعالمین نمبر پیش کر کے بڑا نیک کام کیا ہے۔

اس نمبر میں حضور پاک کی دعائیں اور فرمودات بھی ہیں۔ آپ کے نمونہ ہائے عدل گستری بھی ہیں۔ پھر سیرت مطہرہ کے خاص خاص ابواب ہیں، سوالوں کے جواب میں مختلف ادیبوں اور دانشوروں کے سبق آموز افکار ہیں۔ خواتین اور عورتوں اور بچوں اور محنت کشوں کے لیے سرمایہ تسکین بھی مہیا ہے۔ نمبر کی نعتیں اور منظوم تاثرات بڑا ادبی سرمایہ ہیں۔

© rasailojaraid.com